ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر عمران حسین

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام

جلد 04 | جمعۃ المبارک 21 نومبر 2025ء، 30 جمادی الاول 1447ھ، 26 کاتک 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 200

آزاد جموں کشمیر ہائیکورٹ کے حکم پر اشتہاری مجرم انٹرپول کے ذریعے بیرون ملک سے گرفتار

مجرم جاوید ولد علی اصغر ساکن تیتھر مظفرآباد سال 1998 تھانہ پولیس ڈنہ کی حدود میں قتل کے مقدمہ میں سزا یافتہ، بااثر لوگوں کی پشت پناہی کیوجہ سے ملک سے فرار ہو کر ابوظہبی (UAE) میں روپوش تھا

تفصیلی رپورٹ عدالت میں جمع، مجرم کو چیل بھیجنے کا حکم، آئندہ تاریخ سماعت 25 نومبر مقرر، آزاد کشمیر کی تاریخ میں پہلی مرتبہ انٹرپول کے ذریعے کسی مجرم کو بیرون ملک سے گرفتار کر کے یہاں لایا گیا

مظفرآباد (دھرتی نیوز) تھانہ پولیس ڈنہ کی جانب سے اشتہاری مجرم جاوید ولد علی اصغر ساکن تیتھر مظفرآباد کو عدالتی حکم پر گرفتار کر کے عدالت عالیہ مظفرآباد کے سامنے پیش کر دیا گیا۔ مجرم سال 1998 تھانہ پولیس ڈنہ کی حدود میں قتل کے مقدمہ میں سزا یافتہ تھا اور بااثر لوگوں کی پشت پناہی کی وجہ سے ملک سے فرار ہو کر ابوظہبی (UAE) میں روپوش تھا۔ مقدمہ کی تفصیل کے مطابق 18-01-2023 کو پولیس ڈنہ کی حدود میں مرحوم محمد اسحاق ولد محمد اسلم کو قتل کر دیا گیا تھا۔ مقدمہ کی تفصیل کے مطابق مرحوم کے بیٹے محمد اسلم کی مدعیت میں مقدمہ نمبر 11-20-2025 درج کر دیا گیا تھا۔ مجرم کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے عدالت عالیہ نے مجرم کو 25 نومبر کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا۔ مجرم کو گرفتار کر کے عدالت عالیہ میں پیش کرنے میں ایس ایس پی جاوید خان اور ڈپٹی کمشنر راجہ عابد رشید نے اہم کردار ادا کیا۔ ایس ایس پی جاوید خان کی سربراہی میں روپوش قاتل مقدمہ اشتہاری ملزم سرکار بنام جاوید وغیرہ، کیس سردار محمد اعجاز خان و جناب جسٹس چوہدری خالد رشید نے بروئے فیصلہ صادر 18-01-2023 مجرم کو سزائے موت دینے کا حکم دیا۔ عدالت مظفرآباد کی جانب سے سنائی گئی سزا (سزائے موت) کی توثیق کرتے ہوئے پولیس حکام کو اندر چودہ (14) ایام مجرم کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ مجرم کو گرفتار کر کے پیش کرنے میں ڈی جی ایف آئی اے ہیڈ کوارٹر مظفرآباد کی جانب سے ڈائی کی سرد فائل کی مدد حاصل کی گئی۔ مجرم کو گرفتار کر کے عدالت عالیہ میں پیش کرنے میں ایس ایس پی جاوید خان کی سربراہی میں ایف آئی اے ہیڈ کوارٹر مظفرآباد کی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔ مجرم کو گرفتار کر کے یہاں لایا گیا۔ مجرم کو گرفتار کر کے عدالت عالیہ میں پیش کرنے میں ایس ایس پی جاوید خان کی سربراہی میں ایف آئی اے ہیڈ کوارٹر مظفرآباد کی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔ مجرم کو بیرون ملک سے گرفتار کر کے یہاں لایا گیا (بقیہ 04 صفحہ 03)

باغ: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق احتجاجی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جموں میں صحافتی اداروں پر بھارتی چھاپوں کی مذمت

بھارت کشمیریوں کی آواز کو کبھی بھی نہیں دبا سکتا ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے جموں میں کشمیر ہاؤس کے دفتر پر چھاپوں اور اور راحسین ایڈیٹر کشمیر ٹائمز کے خلاف مقدمہ قائم کرنے کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کا نعرہ اقوام متحدہ کی طرف سے کشمیریوں کے تسلیم (بقیہ 03 صفحہ 03)

توانائی کی ترسیل منصوبے کیلئے 33 کروڑ ڈالر قرضہ منظور

منصوبہ پاکستان کی بجلی کے شعبے میں وسیع تر اصلاحات میں معاون ثابت ہوگا

اسلام آباد (صباح نیوز) ایشیائی ترقیاتی بینک نے اپنے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس میں پاکستان کے لیے کنیکٹ فار ویلیو سٹرینگتھننگ پروجیکٹ کے تحت مجموعی طور پر 33 کروڑ ڈالر کے قرضہ کی منظوری دی ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے جمعرات کو جاری بیان کے مطابق یہ حکومت کی آئین ترتیبی سرمایہ کاری میں سے ایک ہے جس کا مقصد قومی نظام تعلیم وعید ورک کو توسیع دینا اور کم لاگت ترسیل (بقیہ 02 صفحہ 03)

پاکستان میں کرپشن پر IMF رپورٹ میں کیا؟ کیوں جاری کی گئی؟

چندہ نکاتی منصوبے پر عمل درآمد کی شرط، پاکستانی معیشت میں ساڑھے 6 فیصد ترقی بھی ممکن ہوسکتی ہے

چند طاقتور سرکاری اداروں کو براہ راست کنٹرولیکس میں خصوصی سلوک ختم کیا جائے، رپورٹ میں زور دے کر مطالبہ

نیویارک (صباح نیوز) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ آئی ایم ایف نے پاکستان میں کرپشن اور حکمرانی کے مسائل پر اپنی طویل انتظار کی رپورٹ جاری کی ہے، جس میں فوری اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔ اس رپورٹ میں پاکستان کو ایک چندہ نکاتی منصوبہ دیا گیا ہے اور قرض کے لیے ایک اس منصوبے پر عمل کرنا ہی ہوگا۔ رپورٹ کا مقصد حکومت کو شفافیت، ایمانداری اور عمومی اعتماد بڑھانے کے لیے واضح رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں کرپشن کے مسائل بنیادی طور پر سیاسی اداروں کی کمزوریوں کی وجہ سے ہیں اور آگے 3 سے 16 ماہ میں 15 اثاثہ اعلانی منصوبہ شروع (بقیہ 05 صفحہ 03)

باغ: وزیراعظم پاکستان شہباز شریف دانش سکول بازی گل کا افتتاح کر رہے ہیں

KPK کرمنل سیکیورٹی فورسز کی کارروائی 23 دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع ملنے پر ایک مقام پر کارروائی کی جہاں دہشتگردوں نے فورسز پر فائرنگ کر دی

صدر، وزیراعظم اور وزیر داخلہ کا کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین، کارروائیاں جاری رکھنے پر زور

راولپنڈی (صباح نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر بڑا اور اہم جامع آپریشن کیا جس میں مجموعی طور پر 23 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق یہ کارروائیاں دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے جاری وسیع تر آپریشن کا حصہ ہیں۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع ملنے پر ایک مقام پر کارروائی کی جہاں (بقیہ 22 صفحہ 03)

آزاد کشمیر تعلیمی انقلاب کی طرف اہم قدم

وزیراعظم پاکستان کے دست مبارک سے باغ میں دانش سکول کا سنگ بنیاد، 23 مارچ کو افتتاح کی یقین دہانی، کھمبر میں تعمیر 35 فیصد مکمل، نیلم، لیپہ اور فاروڈ کہوڑہ میں بھی جلد سنگ بنیاد رکھنے کا عزم

وہ وقت دور نہیں جب مقبوضہ کشمیر بھی آزاد ہوگا اور تعلیم کا یہ سلسلہ جموں تک جائے گا، میاں شہباز شریف کا تقریب سے خطاب، وزیراعظم آزاد کشمیر سمیت وفاقی وزراء و اہم شخصیات کی بھی شرکت

باغ (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد کشمیر سردار انور خان نے باغ میں دانش سکول کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ سنگ بنیاد کے تقریب دانش سکول کی تعمیر کے ساتھ ہی منعقد ہوئی جس میں وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام، وفاقی وزیر حسن اقبال، وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق، وزیر اعظم آزاد کشمیر کے مشیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری طارق فارو

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

خودکشی کی روک تھام ذہنی آسودگی خوشحال زندگی کے حوالے سے مہم

اساتذہ، طلبہ طبی عملہ، لیڈی ہیلتھ سپروائزرز، فرنٹ لائن ورکرز، پولیس اہلکاروں کو آگاہی، خصوصی تربیت دی جائیگی

خودکشی کے رجحانات کے تدارک کے لیے تربیتی سیمینارز، ورکشاپس بھی منعقد ہوں گی، تقریب سے مقررین کا خطاب

چناری (خصوصی رپورٹ) ضلع جہلم ویلی میں خودکشی کی روک تھام، ذہنی آسودگی، خوشحال زندگی کے لیے محکمہ صحت کے زیر اہتمام جامع کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا، اس تقریب میں اپنی کمشنر جہلم ویلی سٹی جرنل ہاسپٹل راولاکوٹ، ایس پی جہلم ویلی سید عباس گردیزی، ڈی سی، اس کے علاوہ اساتذہ، طلبہ طبی عملہ، لیڈی ہیلتھ سپروائزرز، فرنٹ لائن ورکرز، پولیس اہلکاروں کو ذہنی صحت اور کمیونٹی آگاہی (بقیہ 23 صفحہ 03)

باغ: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق، وزیر اعلیٰ چوہدری انوار الحق، وزیر اعلیٰ چوہدری انوار الحق، وزیر اعلیٰ

بقیہ 1

طالبہ نے ایک حسین تصور پیدا کر دیا ہے افغانستان میں عبوری حکومت کی جانب سے لاجیٹک اور مالی معاونت حاصل ہے پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا کہ پاکستان دہشت گردی کے خاتمے کے لئے افغانستان کیساتھ مل کر کام کر رہا ہے ٹی ٹی پی کے 80 ہزار سے زائد ہمراہیوں کی قربانی کے ساتھ ساتھ ہمیں اور ان کا اتحادی افغانستان دہشت گردوں کا خاتمہ چاہتا ہے ہم نے کہا کہ تمام ہی پڑوسی ممالک کو دہشت گردی کے خاتمے کے لئے مل کر کام کرنا چاہئے ہمارے پڑوسی ممالک کو دہشت گردی کے خاتمے کے لئے مل کر کام کرنا چاہئے ہم نے کہا کہ افغانستان کو اپنی سرزمین کو دہشت گردی کے لئے استعمال نہ ہونے دین

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

آزاد کشمیر کی نئی کابینہ، امیدیں، توقعات اور ذمہ داریاں

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کی نئی 20 رکنی کابینہ کی تشکیل اور حلف برداری نہ صرف ایک آئینی و جمہوری عمل کی تکمیل ہے بلکہ آنے والے دنوں کی حکومتی سمت کا تعین بھی کرتی ہے۔ بدھ کے روز ایوان صدر میں ہونے والی اس تقریب میں جہاں سیاسی قیادت، انتظامی شخصیات اور پیپلز پارٹی کے کارکنان کی بڑی تعداد شریک ہوئی، وہیں اس تقریب نے عوام کی نگاہیں ایک بار پھر سیاسی قیادت کی کارکردگی پر مرکوز کر دی ہیں۔ قائمقام صدر چوہدری لطیف اکبر نے 18 وزراء سے حلف لیا جبکہ وزیراعظم راجہ فیصل ممتاز راٹھور نے 2 مشیران سے حلف لیا۔ اس موقع پر وزراء اور مشیران کی تقرری کا نوٹیفکیشن بھی پڑھ کر سنایا گیا اور میاں عبدالوحید کو سینئر موسٹ وزیر حکومت مقرر کیا گیا۔ کابینہ کی تشکیل کے ساتھ ہی حکومت اب اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے فعال کردار ادا کرنے کی پابند ہے۔ تاہم، اس سیاسی پیش رفت کے ساتھ کچھ اہم سوالات اور خدشات بھی جنم لیتے ہیں۔ کابینہ میں شامل دونوں مشیران کا غیر منتخب ہونا بظاہر ایک سیاسی فیصلہ ہے جسے روایتی طاقت کے توازن کی حکمت عملی کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے، مگر اس سے جمہوری اصولوں اور میرٹ کے تصور پر بحث ضرور ہوتی ہے۔ اس حقیقت کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا کہ دونوں مشیران کا تعلق سیاسی خاندانوں سے ہے—ایک کی والدہ اور دوسرے کے والد قانون ساز اسمبلی کے رکن ہیں۔ اس طرح کے فیصلے عوام میں سیاسی وراثت کے رجحان کے متعلق سوالات پیدا کرتے ہیں۔

ایسی صورتحال میں نئی کابینہ کی اصل آزمائش اب شروع ہوتی ہے۔ عوام کی توقعات بلند ہیں اور ریاست کو اس وقت مالی بحران، ترقیاتی منصوبوں میں سست روی، گورننس کے مسائل اور بڑھتی ہوئی عوامی بے چینی جیسے چیلنجز کا سامنا ہے۔ یہ کابینہ اگر باہمی ہم آہنگی، شفافیت اور پالیسیوں کے موثر نفاذ کو اولین ترجیح دے تو عوام کا اعتماد بحال کرنے میں کامیاب ہو سکتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت محض تقریریوں اور سیاسی مفاہمت تک محدود نہ رہے بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے ثابت کرے کہ یہ کابینہ واقعی ریاستی ترقی، ادارہ جاتی اصلاحات، میرٹ کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ ہے۔ سینئر موسٹ وزیر کے طور پر میاں عبدالوحید پر بھی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ کابینہ میں پالیسی کے تسلسل اور مربوط محکمراتی کوشش بنانے میں کردار ادا کریں۔ اس وقت آزاد کشمیر کو تجربہ، وژن اور عوامی توقعات کے مطابق پالیسی فیصلوں کی سخت ضرورت ہے۔ اگر نئی کابینہ ان چیلنجز کا ادراک رکھتے ہوئے آگے بڑھے تو یہ حکومت نہ صرف سیاسی استحکام مضبوط بنا سکتی ہے بلکہ عوامی فلاح کے حقیقی ایجنڈے کو بھی آگے بڑھا سکتی ہے۔ بصورت دیگر، یہ حلف برداری بھی محض ایک رسمی تقریب بن کر رہ جائے گی۔

ریاست اور عوام دونوں منتظر ہیں کہ یہ کابینہ اپنے وعدوں، وژن اور صلاحیت کا حقیقی ثبوت دے۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا وژن، عوامی خدمت

سیاست اقتدار، تاریخی تعقید یا محبوب کا نام نہیں بلکہ خدمت کا نام ہے اور یہ بات وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب میں فلاحی منصوبوں اور عملی اقدامات سے ثابت کر دی ہے جو یہ ہے کہ نظریاتی سیاسی اختلافات کے باوجود آج ہر فرد مریم نواز شریف کے اقدامات سراہتا نظر آ رہا ہے جس طرح مریم نواز شریف پنجاب کو بدلنے کا وژن لیکر چل رہی ہیں اور آنے والی نسلوں کا کوئی بنیاد رکھ رہی ہیں اس کے طرز تکریمی نے نظر آ رہا ہے کہ وہ ملک کے تین مرتبہ منتخب ہونے والے وزیراعظم کی بیٹی ہیں اور پھر اسی کی سیاسی تربیت اور مسلسل شفقت کا نتیجہ ہے، پنجاب میں اپنی جیت ایک مگر، ہنرمار ایکسلرٹیب پروگرام، School Meal Program آئی ٹی کے شعبے میں اقدامات، Clinic on Wheels صحت پر کوام، کلینک ان ویلز، کینسر اسپتال کی تعمیر، افراد باہم معذوری کا پروگرام، صاف ستھرا پنجاب پروگرام، انسداد سموگ مہم، ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کا پروگرام، خواتین کو معاشی طور پر مضبوط بنانے کے پروگرام، کسان کی خوشحالی اور زراعت کے شعبے کو مضبوط بنانے کا پروگرام، دعی رائی پروگرام، گورننس میرج ہال، والدین کی مرضی کو مقدم رکھنا، روڈ انفراسٹرکچر پروگرام، فرانسپورٹ پروگرام، خواتین اور نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کا پروگرام، فلاحی منصوبے پنجاب بے گھر افراد کو پناہ، پنجاب ایڈوکیشن آف اور شپ اسکولز سیل پروگرام آرڈیننس وہ بڑا تحفہ ہیں کی مخلوق، بیوہ خواتین کو معاشی طور پر مضبوط کرنے کے حوالے سے پروگرام سمیت درجنوں ایسے فلاحی منصوبے شروع کیے جن میں سے کئی سے براہ راست عوام کو فائدہ پہنچ رہا ہے اور کئی تکمیل کے مراحل میں ہیں، اپنی جیت اپنا گھر منصوبہ فلاحی منصوبے کے تحت صرف اب تک لاکھوں افراد کو پلاٹ دیئے جا چکے ہیں۔ جس کے تحت ہزاروں گھر مکمل ہو چکے ہیں بلکہ ہزاروں گھر تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ اپنی جیت اپنا گھر کے ذریعے شہری اور دیہی علاقوں میں 5 سے 10 مرلے کے پلاٹ 15 لاکھ روپے تک کا فرق صرف 14 ہزار روپے پلاٹ قسط پر دیا جا رہا ہے۔ قرض حاصل کرنے والے افراد 9 سال کی آسان اقساط میں قرض واپس کر سکیں گے، دنیا بھر اسکالرشپ پروگرام سے بڑی تعداد میں طلبہ فائدہ اٹھا رہے ہیں اس کے علاوہ پنجاب کے دروازے بند ہو چکے تھے ان کی امید جاگ گئی، سرکاری کینسر اسپتال سے مریضوں کا مفت علاج ہو رہا ہے جس سے کینسر کا علاج کتنا مہنگا ہوا ہے، ایک خدمت گزار، کسان کی بیکار اسکالر شپ پروگرام، فلاح و بہبود کے لیے اٹھائے گئے اقدامات ہوتے ہیں، مجھے ایک خاتون، سیاسی کارکن اور سوشل ایکٹیویسٹ ہونے کے ناطے مریم نواز کے طرز تکریم، غریب طلبہ، استطاعت رکھنے والے کے لیے شاید پہلے تعلیم